10340- لڑکی سے زنا کے بعد شادی کرنا چاہتا ہے لیکن لڑکی کا والد تیار نہیں

سوال

دو برس سے میری ایک گرل فرینڈ (معشوق) تھی جس کے ساتھ میں بالآخر زنا بھی کیا، اب میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں لیکن اس کا والد اسے مجھ سے دور رہنے کا کہتا ہے اور میرے ساتھ شادی پر تیار نہیں۔

اگر میں اس کے والدین کو یہ بتاؤں کہ میں نے ان کی صاحبزادی کا کنوارہ پن ختم کر دیا ہے تو کیا میں اس سے شادی کرنے کا حق رکھوں گا؟

مجھے یہ علم ہے کہ میں نے بہت بڑا گناہ اور غلطی کی ہے لیکن یہ اس وقت ہوئی جب میں غیر مسلم تھا، ان کے پیدائیشی ملک میں یہ قانون ہے کہ جو کسی بھی لڑکی کا کنوارہ پن ختم کردے (یعنی کنواری لڑکی سے زنا کرے) اسے اس لڑکی سے شادی پر مجبور کیا جاتا ہے، لیکن ہم اس وقت برطانیا میں ہیں تو کیا اس کا کوئی اثر ہے؟ میری راہنمائی کریں۔

پسندیدہ جواب

آپ پر واجب ہے کہ جتنی جلدی ہوسکے آپ اس فعل اور عظیم گناہ سے توبہ کریں اور اس کے ساتھ ساتھ کثرت سے استغفار اور اعمال صالحہ کریں شائد کہ اللہ سبحانہ وتعالی آپ کی توبہ قبول کرتے ہوئے گناہ معاف فرمادے۔

جس لڑکی سے آپ نے زنا کیا ہے اس سے آپ شادی نہیں کرسکتے لیکن اگر آپ دونوں اللہ تعالی کی طرف رجوع کرتے ہوئے توبہ کریں اور پھر اس کا استبراء رحم ظاہر ہوجائے (یعنی اسے حمل نہ ہو) اور اس کا شرعی ولی آپ سے شادی کرنے پر رضامند بھی ہو تو پھر آپ اس سے شادی کرسکتے ہیں۔

لیکن اگر یہ سب کچھ نہیں ہوتا تو پھر آپ کوئی اور عفت و عصمت کی مالک لڑکی تلاش کریں، اور آپ اپنی اس عظیم غلطی کا احساس کریں اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو معاف فرمائے۔

واللہ اعلم.